# INTERMEDIATE - SECOND YEAR
## SECOND LANGUAGE URDU: PART - III
### Model Paper - Urdu - II - 2021

**Time: 3 HOURS** **MARKS: 100**

---

I. مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک بند لکھ کر مشکل الفاظ کے معنیٰ لکھیے۔ 1 x 6 = 6

1. مجھ سے پہلی سی محبت، مری محبوب! نہ مانگ

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

تو جو مل جائے تو تقدیر نگوں ہوجائے

2 . بے کس ہوں نہ مال ہے نہ سرمایہ ہے

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

3 . اور بھی دُکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

خاک میں لتھڑے ہوئے، خون میں نہلائے ہوئے

II. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھیے۔ 1 x 6 = 6

1. نظم ''پہلی سی محبت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

2. امجدؔ کی شاملِ نصاب رُباعیات سے کوئی دو رُباعیات لکھیے اور اپنے الفاظ میں تشریح کیجیے۔

3. فیضؔ کو اپنے ہم عصر ترقی پسند شاعروں میں کیوں ایک خاص امتیاز حاصل ہے؟

III. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھیے۔ 1 x 6 = 6

1. سعادت حسن منٹو کے افسانہ ''منظور'' کا خلاصہ لکھیے۔
2. نام دیو۔ مالی کن کن خوبیوں کا مالک تھا؟
3. مولوی عبدالحق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

IV. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب دس سطروں میں لکھیے۔ 4 x 2 = 8

1. کہانی ''سونے کی اینٹ'' کا مختصر خلاصہ لکھیے۔
2. ''کابلی والا'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔
3. خالہ جان کے کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔
4. ''کابلی والا'' روزانہ منی سے ملاقات کے لیے کیوں آتا تھا؟
5. ''کابلی والا'' کو جیل کیوں بھیجا گیا؟

V. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔ 2 x 3 = 6

1. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

2. زمیں پہ چاند اترتا دکھائی دیتا ہے
ترا خیال بھی تجھ سا دکھائی دیتا ہے

3. تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

4 جو ساتھ لے کے چلا تھا ہزار ہنگامے
وہ شخص آج اکیلا دکھائی دیتا ہے

5 بڑے عجیب ہیں یہ درد و غم کے رشتے بھی؟
کہ جس کو دیکھئے اپنا دکھائی دیتا ہے

**.VI** **متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔** 2 x 3 = 6

1. ''دل میں ٹیسیں نہ اُٹھتیں تو وہ اپنی تندرستی اور بیماری میں کوئی نمایاں فرق محسوس نہ کرتا کیوں کہ صحت اس کی کبھی اچھی نہیں تھی۔''
2. ''اُس کے کوئی اولاد نہ تھی۔ وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اولاد سمجھتا تھا۔''
3. ''نیکی اس وقت تک نیکی ہے جب تک آدمی کو یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔''
4. ''ہندوستان کی بڑی ریاست کے فرماں روا ہونے کے باوجود آپ نے اپنی زندگی کو نمونے کے طور پر پیش کیا۔''
5. ''کم چکنائی اور بہتر اور صحت بخش چکنائی کا انتخاب دل کے امراض سے محفوظ رہنے اور منجملہ صحت قائم رکھنے میں معاون ہوتا ہے۔''

**.VII** **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔** 2 x 3 = 6

1. فیضؔ احمد فیضؔ کے کلام کی خصوصیات لکھئے۔
2. امجدؔ حیدرآبادی کی تیسری رُباعی کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔
3. امجدؔ حیدرآبادی کے حالاتِ زندگی قلمبند کیجیے۔
4. فیضؔ نے نظم ''پہلی سی محبت'' میں زندگی کے کن مسائل کا ذکر کیا؟
5. فیض احمد فیضؔ کی تعلیمی قابلیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

**.VIII** **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔** 2 x 3 = 6

1. منظور کون تھا اور اُس کو کونسی بیماری لاحق تھی؟
2. منظور کیوں دواخانے سے واپس گھر نہیں جانا چاہتا تھا؟
3. نام دیو مالی کون تھا؟
4. خشک سالی کے زمانے میں نام دیو مالی نے باغ کی کس طرح نگہداشت کی؟
5. بادشاہ کے متعلق ڈاکٹر شیلا راج کے کیا خیالات ہیں؟

**.IX** **مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھیے۔** 5 x 1 = 5

1. فیضؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
2. اُردو کے مشہور رُباعی گو شاعر کون تھے؟
3. امجدؔ حیدرآبادی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
4. شاعری میں! داغ کس بادشاہ کے اُستاد تھے؟
5. جامیؔ کے شعری مجموعہ کا کیا نام ہے؟

**X.** **مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجیے۔** 5 x 1 = 5

1. منظور نرس کو کیا کہہ کر پکارتا تھا؟
2. پیڑ پودوں کو دیکھ کر نام دیو کس طرح خوش ہوتا تھا؟
3. آصف جاہ سادس کا نام کیا تھا؟
4. ہماری غذا کا ایک اہم جز کیا ہے؟
5. کس چکنائی کے استعمال سے بچنا صحت کے لئے ضروری ہے؟

**XI.** **ذیل میں سے کسی ایک کو خط لکھیے۔** 1 x 5 = 5

1. اپنے دوست کو خط لکھتے ہوئے تعلیمی تفریح کے متعلق لکھیے۔
2. اپنے دوست کے نام خط لکھئے جس میں تعطیلات میں حیدرآباد آنے اور یہاں کے تاریخی مقامات کی تفریح کی دعوت کا ذکر کیا گیا ہو؟
3. اسنادات کے حصول کے لیے اپنے کالج کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے۔

**XII.** **ذیل کے ہر حصے سے چار سوالات کے جواب لکھیے۔** 8 x 1 = 8

**(الف)** **صرف ایک جملے میں جواب لکھیے۔**

(i) تشبیہ کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

(ii) تشبیہ اور استعارہ میں فرق واضح کیجیے۔

(iii) تلمیح سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔

(iv) تجنیس کی تعریف لکھئے۔

(v) ضرب المثل کی تعریف لکھئے۔

(vi) کنایہ کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔

(ب) ذیل میں دیئے گئے کسی چار سابقوں اور لاحقوں کی نشاندہی کیجیے۔

(i) انمول

(ii) بےخوف

(iii) جان دار

(iv) خواہشمند

(v) خلاباز

(vi) ناسمجھ

**XIII.** ذیل میں سے آٹھ الفاظ کے واحد یا جمع لکھیے۔ $8 \times 1 = 8$

(i) کتاب

(ii) اساتذہ

(iii) خبر

(iv) ارکان

(v) لڑکا

(vi) القاب

(vii) مسجد

(viii) بلیاں

(ix) کتب

(x) دھواں

(xi) استاد

(xii) چڑیا

**XIV.** ہر حصہ سے چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8 x 1 = 8

**(الف)** ذیل میں سے چار کے صحیح جوڑ بنایئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) فیض | (............) | (الف) | سعادت حسن منٹو |
| (ii) بابائے اُردو | (............) | (ب) | عابد معز |
| (iii) منظور | (............) | (ج) | مولوی عبدالحق |
| (iv) پہلی سی محبت | (............) | (د) | امجد حیدرآبادی |
| (v) غذا میں چکنائی | (............) | (ھ) | نقشِ فریادی |
| (vi) شہنشاہ رباعیات | (............) | (و) | فیض |

**(ب)** دیئے گئے جملوں میں سے کوئی چار محاوروں کی نشاندہی کیجیے

(i) آپ تو عید کا چاند ہو گئے۔

(ii) کسی کے کان بھرنا اخلاقاً بری بات ہے۔

(iii) راشد نے غصہ میں انکار کر دیا مگر اب کف افسوس ملتا ہے۔

(iv) احمد کامیاب ہو کر خوش سے پھولے نہ سمایا۔

(v) ماریہ ہمیشہ خیالی پلاؤ پکاتی ہے۔

(vi) کامیابی کے لیے سخت پاپر بیلنا پڑتا ہے۔

**XV.** مندرجہ ذیل سے کسی دو سوالات کے جواب لکھیے۔ 2 x 3 = 6

1. روداد نگاری سے کیا مراد ہے۔
2. دورِ جدید میں پیغام رسانی کے ذرائع کیا ہیں؟
3. خط میں آداب والقاب کس طرح لکھے جانے چاہئیں؟
4. کسی برتھ ڈے پارٹی کی روداد لکھئے۔
5. خط کی تعریف بیان کیجیے۔

**XVI.** مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5 x 1 = 5

مرزا غالبؔ اردو اور فارسی کے نامور شاعر گزرے ہیں۔ ان کا نام اسد اللہ بیگ خاں اور تخلص غالبؔ تھا۔ ابتداء میں وہ اسدؔ تخلص کرتے تھے۔ وہ 27/دسمبر 1797ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام عبداللہ بیگ تھا۔ وہ بچپن ہی میں یتیم ہو گئے تھے۔ اُن کی پرورش اُن کے چچا مرزا نصر اللہ بیگ نے کی لیکن آٹھ سال کی عمر میں اُن کے چچا بھی فوت ہو گئے۔ نواب احمد بخش خاں نے مرزا غالب کے خاندان کا انگریزوں سے وظیفہ مقرر کروایا۔ 1810ء میں 13 سال کی عمر میں اُن کی شادی امراؤ بیگم سے ہوئی۔ شادی کے بعد دہلی میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ غالبؔ زندگی بھر معاشی پریشانیوں میں مبتلا رہے۔

1850ء میں مرزا غالبؔ مغلیہ دربار سے وابستہ ہوئے۔ بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالبؔ کو نجم الدولہ، دبیر الملک اور نظام جنگ کا خطاب عطا کیا اور خاندان تیموریہ کی تاریخ لکھنے پر مامور کیا اور 50 روپے ماہانہ وظیفہ مقرر کیا۔ 15/فبروری 1869ء مرزا غالبؔ کا انتقال ہوا۔

سوالات:

1. مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟
2. مرزا غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
3. اُن کی پرورش کس نے کی؟
4. مرزا غالب کی شادی کب اور کس سے ہوئی؟
5. بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالب کو کونسے خطابات عطا کیئے۔

☆☆☆